© rasailojaraid.com

# نصاب تعلیم ثانویہ عامہ وخاصہ بنات

وفاق المدارس کی مجلس عاملہ نے گذشتہ سال میٹرک پاس طالبات کے لئے چھ سالہ نصاب تعلیم منظور کیا اور غیر میٹرک طالبات کے لئے ثانویہ عامہ بنات کا دوسالہ عصری نصاب تعلیم مرتب کرنے کا فیصلہ کیا۔

تاہم سالانہ امتحان 1434ھ میں ثانویہ خاصہ سال اول کے نصاب تعلیم کو ثانویہ عامہ بنات کا نصاب قرار دے دیا گیا۔اور نئے نصاب کے مطابق (میٹرک پاس وغیر میٹرک) طالبات نے ثانویہ عامہ کا امتحان دیا۔نیز 1435ھ میں بھی عامہ بنات کے امتحان کے لئے دوسالہ عصری نصاب/میٹرک ضروری نہیں ہے۔اورامسال ثانویہ عامہ وخاصہ بنات کا امتحان نئے نصاب کے مطابق ہوگا جبکہ عالیہ اور عالمیہ بنات کا امتحان پرانے نصاب کے مطابق ہوگا۔

ثانویہ عامہ وخاصہ بنات کا نیا نصاب تعلیم برائے سالانہ امتحان 1435ھ درج ذیل ہے۔

| ثانویہ عامہ بنات | | ثانویہ خاصہ بنات | |
|---|---|---|---|
| مضمون | تفصیل | مضمون | تفصیل |
| ترجمہ وتفسیر و حدر اور تجوید | ترجمہ ومختصر تفسیر پارۂ عم (دو سوال)<br>خلاصۃ التجوید (ایک سوال)<br>حدر آخری پانچ پارے | ترجمہ وتفسیر | ترجمہ ومختصر تفسیر<br>از سورۂ یونس تا اختتام سورۂ عنکبوت |
| حدیث | جوامع الکلم (حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ)<br>بعدہٗ زاد الطالبین مکمل مع ترکیب باب اوّل | فقہ | مختصر القدوری از ابتداء تا اختتام کتاب الحج<br>واز کتاب النکاح تا آخر کتاب النفقات |
| فقہ و سیرت | بہشتی زیور (ج۔۲۔۳۔۴)<br>حصہ سیرت از تاریخ اسلام | اصول فقہ | اصول الشاشی، آسان اصول فقہ<br>مولفہ مولانا خالد سیف اللہ رحمانی |
| صرف | علم الصرف (ج۔۱۔۲۔۳)<br>مع اجراء از تمرین الصرف | صرف | علم الصیغہ مع خاصیات ابواب<br>از علم الصرف حصہ چہارم |
| نحو | (۱) علم النحو مع اجراء از تمرین النحو/ تسہیل النحو<br>(۲) عوامل النحو با ترکیب | نحو | شرح مائۃ عامل (نوع اوّل با ترکیب)<br>بعدہ ہدایۃ النحو |
| ادب | الطریقۃ العصریہ (ج۔۱)<br>عربی کا معلم (حصہ اوّل، دوم)<br>مولانا عبدالستار خان صاحب | ادب و منطق | قصص النبیین (ج۔۲۔۳)<br>تیسیر المنطق |

**ضروری اطلاع:** وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ضمنی امتحانات 28، 29، 30 ستمبر 2013ء مطابق 21، 22، 23 ذیقعدہ 1434ھ بروز ہفتہ اتوار پیر منعقد ہونگے۔

© rasailojaraid.com